سوال

محترم جناب میں "الوقت سیف قاطع" (وقت کاٹنے والی تلوار ہے) سے متعلق جاننا چاہتا ہوں کہ کیا یہ حدیث رسول ہے یا کسی کا قول؟ اگر حدیث رسول ہے تو حوالہ بیان فرما دیں۔

جواب

الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

ہمارے علم کے مطابق یہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث نہیں ہے، بلکہ بعض داناؤں کا قول ہے۔

مکمل قول اس طرح ہے : **اَلوَقتُ کَالسَّیفِ اِنْ لَم تَقْطَعهُ قَطَعَکَ** (وقت تلوار کی مانند ہے، اگر تو اسے نہیں کاٹے گا، تو وہ تجھے کاٹ دے گا)

والله أعلم بالصواب

محدث فتوی کمیٹی